In the Name of the Father and the Son and the Holy Spirit

# Old Testament Survey

# پرانے عہد نامہ کا جائزہ

## Lecture No 2

(By: Shoaib Sharoon)

*MPhil. in Biblical Studies, FC College, Lahore*

# پرانے عہد نامہ کا جغرافیہ:
# Geography of the Old Testament:

اِسرائیل کی قوم کی تاریخ ایک خاص جغرافیائی تناظر پر مشتمل ہے۔اِسی وجہ سے بائبل مقدس جغرافیہ کو بڑا اہم قرار دیتی ہے۔جغرافیہ بائبل مقدس کے واقعات کے پسِ منظر کو سمجھنے کے لئے امدادی علم فراہم کرتا ہے اور پرانے عہد نامہ کے کسی بھی متن کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔

پرانے عہد نامہ کی دنیا "قدیم قریب مشرق" Ancient Near East کہلاتی ہے جسے آج کے دور میں مشرق وسطیٰ یعنی Middle East کہتے ہیں۔

پرانے عہد نامہ کے زیادہ تر واقعات مندرجہ ذیل علاقوں پر مشتمل ہیں: مشرق میں مسوپتامیہ، شمال میں ایشیا مائنر (ایشیا کوچک)، مغرب (کنعان سے مغرب) میں مصر اور فلسطین، اور جنوب میں عرب۔

پرانے عہد نامہ کے تقریباً 80 فیصد واقعات لبنان، شام، اُردن اور اِسرائیل میں وقوع ہوئے۔

# پیدایش کی کتاب
# The Book of Genesis

---

Genesis کا مطلب ہے، آغاز، ابتدا، ماخذ۔

1- پیدایش کی کتاب Book of Beginnings ہے۔

(a) یہ کتاب کائنات کے آغاز کے بارے میں بتاتی ہے۔ یہ بتاتی ہے کہ اِس دنیا کا آغاز کسی وقت میں ہوا تھا اور یہ ازلی نہیں ہے بلکہ خُدا اِس کی تخلیق کرنے والا ہے۔

(b) یہ کتاب 3 آغازوں کا ذکر کرتی ہے:

(i) حقیقی تخلیق (باب 1-9) ، جس کے بعد اِنسان کی گراوٹ، بغاوت اور پھر خُدا کی عدالت جو کہ ایک بڑے طوفان کی صورت میں آئی۔

(ii) نوح اور اُس کے خاندان کے ساتھ ایک نیا آغاز (10-11)، جس کے بعد پھر بابل کے برج کی بغاوت اور خُدا کی عدالت زبانوں میں اختلاف کی صورت میں۔

(iii) ابراہام کے ساتھ ایک نیا آغاز (12-50)، جب خُدا نے ایک قوم کو چنا۔

# پیدایش کی کتاب
# The Book of Genesis

(c) پیدایش کی کتاب بائبل مقدس میں زمین پر بیج کی مانند ہے۔

پیدایش کی کتاب میں جن مضامین کا آغاز ہوتا ہے اُنہیں فروغ باقی بائبل میں ملتا ہے جو کہ مکاشفہ کی کتاب تک مکمل ہوتا ہے۔

(i) پیدایش کی کتاب میں عورت کی نسل، مکاشفہ کی کتاب میں مسیح اور کلیسیا، مکاشفہ (12/17) ۔

(ii) پیدایش کی کتاب میں عدن کا باغ، مکاشفہ کی کتاب میں نیا یروشلیم، مکاشفہ (21/10) ۔

(iii) پیدایش کی کتاب میں پہلے آسمان اور زمین کی تخلیق، مکاشفہ میں نئے آسمان اور نئی زمین، مکاشفہ (21/1) ۔

(iv) عدن میں ایک دریا، مکاشفہ میں آبِ حیات جو قوموں کو شفا دیتا ہے، مکاشفہ (22/1-2)

(v) پیدایش کی کتاب میں حیات کا درخت، مکاشفہ کی کتاب میں زندگی کا درخت، مکاشفہ (22/2،14) ۔

(vi) پیدایش میں جس سانپ کا تعارف ملتا ہے، مکاشفہ میں اُسے اتھا گڑھے میں ڈالا جائے گا، مکاشفہ (20/2-3) ۔

# پیدایش کی کتاب
# The Book of Genesis

2- پیدایش کی کتاب ایسے اہم سوالات کے جواب دیتی ہے جنہوں نے صدیوں سے فلاسفرز کو سوچ میں مبتلا کیا ہوا ہے۔

(a) یہ کائنات کس طرح معرضِ وجود میں آئی؟
(b) کیا آسمان میں کوئی خُدا ہے؟
(c) ہفتہ کے ساتھ دن کہاں سے آئے؟
(d) مرد اور عورت کہاں سے آئے؟
(e) اِنسان کے وجود کا مقصد کیا ہے؟
(f) انسانوں میں شادی کا آغاز کب اور کیسے ہوا؟

(a) انسان اور حیوان میں کیا فرق ہے؟
(b) گناہ کس طرح انسانی نسل میں داخل ہوا؟
(c) دنیا میں مختلف زبانیں کی ابتدا کیسے ہوئی؟
(d) کیا شیطان وجود رکھتا ہے اور وہ کیسے کام کرتا ہے؟
(e) عبرانی نسل کا آغاز کیسے ہوا؟
(f) اِسرائیلی کس طرح مصر کی غلامی میں گئے؟

# پیدایش کی کتاب
# The Book of Genesis

---

## 3- پیدایش کی کتاب کا خاکہ: Outline


**4 اہم واقعات**

- تخلیق (باب 1-2)
- انسان کی گراوٹ (باب 3-5)
- طوفانِ نوح (باب 6-9)
- بابل کے برج کا واقع (باب 10-11)

**4 اہم اشخاص**

- ابرہام (باب 12-25)
- اضحاق (باب 25-26)
- یعقوب (باب 27-36)
- یوسف (باب 37-50)

# پیدایش کی کتاب
# The Book of Genesis



## 4- پیدایش کی کتاب کا مصنف:Author

پیدایش کی کتاب میں مصنف کا ذکر نہیں ہے اِس لئے علما میں
اِس پر اختلافِ رائے پائی جاتی ہے لیکن زیادہ تر یہودی اور مسیحی
روایات کے مطابق موسیٰ ہی اِس کتاب کا مصنف ہے۔

# پیدائش کی کتاب
# The Book of Genesis

5- موسیٰ پیدائش کی کتاب کیسے لکھ سکتا ہے جبکہ وہ اُس وقت پیدا بھی نہیں ہوا تھا جب یہ واقعات پیش آئے؟


(i) زبانی روایات: Oral Traditions

لکھائی کے ہنر کی کمی کی وجہ سے زبانی علم کو سیکھا یا جاتا تھا اور یہ اُس دور کی عام روایت تھی۔ کہانیوں کے ذریعے سے زبانی روایات کو اگلی نسلوں تک منتقل کیا جاتا تھا۔ موسیٰ کی پرورش چونکہ فرعون کے محل میں ہوئی تھی اِس لئے اُس نے اُس دور کی معیاری تعلیم حاصل کی تھی اور اِسی بات نے بھی اُسے ایک جامع مصنف ٹھہرایا۔

(ii) خود خُدا: From God Himself

یہ وُہی موسیٰ ہے جِس نے بنی اِسرائیل سے یہ کہا کہ خُدا تُمہارے بھائیوں میں سے تُمہارے لئے مُجھ سا ایک نبی پَیدا کرے گا۔ یہ وُہی ہے جو بیابان کی کلیسیا میں اُس فرشتہ کے ساتھ جو کوہِ سینا پر اُس سے ہمکلام ہُؤا اور ہمارے باپ دادا کے ساتھ تھا۔ اُسی کو زِندہ کلام مِلا کہ ہم تک پہنچا دے۔ اعمال(7/37-38)

# پیدایش کی کتاب
# The Book of Genesis




## 6- سنِ تصنیف: Date of Writing

یہ کتاب موسیٰ نے تقریباً 1400 قبل از مسیح میں لکھی۔ عام طور پر علما کا خیال پایا جاتا ہے کہ یہ کتاب بیابانی سفر کے دوران لکھی گئی جب خُدا نے موسیٰ کو کہا کہ اِن باتوں کو لکھ لے، خروج (17/14،24/4،34/27)۔

آدم کے گناہ سے لے کر یوسف کے مرنے تک موسیٰ نے اِس کتاب میں 2400 سال کی تاریخ کو قلم بند کیا ہے۔

تب خُداوند نے موسیٰ سے کہا اِس بات کی یادگاری کے لئے کتاب میں لکھ دے اور یشوع کو سنا دے۔۔۔
خروج (17/14)

# پیدائش کی کتاب
# The Book of Genesis

-7 اِس کتاب میں کتنے عہود کا ذکر ہے؟

(i) عدن کا عہد (باب نمبر 1): The Edenic Covenant

(ii) آدم کا عہد (باب نمبر 3): The Adamic Covenant

(ii) نوح کا عہد (باب نمبر 9): The Noahic Covenant

(ii) ابراہام کا عہد (باب نمبر 12-15): The Abrahamic Covenant

# پیدائش کی کتاب
# The Book of Genesis

8- پیدائش کی کتاب میں ہم یسوع مسیح کو کیسے دیکھ سکتے ہیں؟

(a) حیات کا درخت: ”یہ نہ ہو کہ یہ اُس میں سے کھائے اور ہمیشہ جیتا رہے۔“ پیدائش(3/22)
یسوع مسیح: جو میرا گوشت کھاتا اور میرا خُون پِیتا ہے ہمیشہ کی زِندگی اُس کی ہے اور میں اُسے آخِری دِن پِھر زِندہ کرُوں گا۔ یوحنا(6/54)

(b) آدم: یسوع مسیح دوسرا آدم ہے جو کہ نئی مخلوق کا سر ہے۔
تَو بھی آدم سے لے کر مُوسٰی تک موت نے اُن پر بھی بادشاہی کی جِنہوں نے اُس آدم کی نافرمانی کی طرح جو آنے والے کا مِثیل تھا گناہ نہ کِیا تھا۔ رومیوں(5/14)

(c) عورت کی نسل: یسوع مسیح کے تجسم کے وقت یہ نبوت پوری ہوئی۔

# پیدایش کی کتاب
# The Book of Genesis

8- پیدایش کی کتاب میں ہم یسوع مسیح کو کیسے دیکھ سکتے ہیں؟

(d) چمڑے کے کُرتے۔پیدایش(3/21)

(e) اضحاق جب اُسے قربان کرنے کے لئے ابراہام لے کر گیا۔

(f) مینڈھا جسکے سینگ جھاڑی میں اٹکے تھے۔

(g) نوح کی کشتی۔

(h) یعقوب نے جو سیڑھی دیکھی۔

(i) یوسف۔

# Any Questions?